129869- کونسا روزے دار ہے جسے افطاری کرانے کا مسلمان کو ثواب ہوتا ہے ؟

سوال

جس روزے دار کی افطاری کرانے پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھارا ہے کیا وہ فقیر روزے دار ہے یا کہ اجنبی اور مسافر روزے دار، یا پھر جسے ہم اپنے گھر روزہ افطاری کرنے کی دعوت دیتے ہیں مثلا مہمان رشتہ دار وغیرہ ؟

اور کیا جنہیں ہم خاص کر رمضان المبارک میں روزہ افطار کرنے کی دعوت دیتے ہیں اس سے اجرو ثواب حاصل ہوتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

" نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے
ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا :

"جس نے بھی کسی روزے دار کی افطاری
کروائی اسے اس جتنا ہی اجرو ثواب حاصل ہوگا، لیکن روزے دار کے اجرو ثواب میں کوئی کمی
نہیں کی جائيگی "

سنن ترمذی حدیث نمبر (807).

یہاں روزے دار سے مراد کوئی بھی
مسلمان روزے دار ہے، اور خاص کر جس کو فطرانہ لگتا ہے، مثلا فقیر و تنگ دست اور
مسکین اور مسافر، اور یہ بالکل اسی قول کی طرح ہے جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا :

"جس نے اللہ کی راہ میں کسی غازی کو
تیار کیا تو گویا کہ اس نے غزوہ کیا "

صحیح بخاری حدیث نمبر (2843).

اللہ تعالی ہی توفیق نصیب کرنے والا
ہے، اور اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انکی آل اور صحابہ کرام
پر اپنی رحمتیں نازل فرمائے " انتہی

مستقل فتوی اینڈ علمی ریسرچ کمیٹی
سعودی عرب.

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن
باز.

الشیخ عبد العزیز آل شیخ.

الشیخ صالح الفوزان.

الشیخ بکر ابو زید.

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للبحوث
العلمیۃ والافتاء (33/9).

مزید فائدہ کے لیے آپ سوال نمبر (
50048) اور (
118145).